نوٹس برائے سالانہ عمومی اجلاس

(اکزونوبل پاکستان لمیٹڈ بذریعہ ہذا نوٹس دیتی ہے کہ سوموار، 25 اپریل 2018 کو ساڑھے 10 بجے صبح پی سی ہوٹل، شاہراہ قائداعظم، لاہور میں منعقد ہونے والے اس کے 7ویں سالانہ عمومی اجلاس میں مندرجہ ذیل کاروبار کی منظوری کے لئے غور کیا جائے گا۔

عمومی کاروائی

۱۔ 18 اپریل 2017 کو منعقدہ چھٹے سالانہ عمومی اجلاس کے منٹس کی توثیق۔

۲۔ اکزونوبل پاکستان لمیٹڈ کے 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے سال کے معاملات کا جائزہ لینے، آڈٹ شدہ حسابات (بشمول آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ) کو وصول، منظور اور اختیار کرنے کا فیصلہ کرنا۔

۳۔ ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کیش ڈیویڈنڈ (70 فیصد) کا اعلان کرنا جو کہ 70 روپے فی حصص کے حساب سے 10 روپے کے ہر ایک شیئر پر 7.00 روپے کا بنتا ہے جو کہ ممبران کو ان کے نام 18 اپریل 2018 کو رجسٹر کے مطابق ادا کیا جائے گا۔

۴۔ کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین۔

۵۔ 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لئے ڈائریکٹرز کی رپورٹ میں درج کردہ کاروبار کے مطابق کمپنی کے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے سات امیدوار کھڑے ہوئے ہیں۔ ریٹائرنگ ڈائریکٹرز کے 7 امیدوار جن میں مسٹر مظین اطہر، مسٹر ضیاء الرحمن، مسٹر جیرمی رو، مسٹر برٹ کیسٹر، مسٹر سید محمود رشید، مسٹر سیباسٹین ٹیرٹ اور مسٹر ہینرک محمود شامل ہیں۔

۶۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی بھی دیگر کاروبار۔

04 اپریل 2018
لاہور

بذریعہ حکم بورڈ
سارہ شاہ
کمپنی سیکرٹری

نوٹس

۱۔ شیئرز ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کے شیئرز ٹرانسفر بکس 19 اپریل 2018 سے 25 اپریل 2018 کے دوران بند رہیں گی (بشمول دونوں دنوں کے) فامکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفاتر واقع شیئرز رجسٹرار، میسرز فامکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کے ذریعہ موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو ٹرانسفر کے لئے تسلیم کیا جائے گا۔

۲۔ سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت

تمام ممبران جو کہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں، کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی جگہ پر کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کریں تاکہ وہ ان کی جگہ اجلاس میں شرکت کر سکے اور ووٹ دے سکے۔ پراکسی کو کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں ہے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز / پاور آف اٹارنی کی مصدقہ کاپی پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا ضروری ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کروانا ضروری ہے۔ پراکسی کو اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت دکھانا ضروری ہے۔

۳۔ پراکسی فارم

اجلاس میں شرکت کیلئے ضروری ہے کہ پراکسی فارم مکمل کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس 346 فیروزپور روڈ لاہور میں اجلاس کے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے قبل جمع کروا دیا جائے۔ پراکسی کیلئے ضروری ہے کہ فارم کی تصدیق دو گواہان کی جانب سے کی جائے جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم میں درج ہوں۔ پراکسی کو اپنا شناختی کارڈ اجلاس کے وقت دکھانا ضروری ہے۔

۴۔ لازمی نوٹس برائے شیئر ہولڈرز جنہوں نے اپنے شناختی کارڈ فراہم نہیں کیے

تمام شیئر ہولڈرز جنہوں نے اپنے فزیکل شیئرز رکھے ہوئے ہیں اور جنہوں نے اپنے شناختی کارڈ کی کاپی کمپنی کے رجسٹرار کو فراہم نہیں کی ہے ان سے درخواست ہے کہ اپنے شناختی کارڈ کی کاپی فولیو نمبر کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرار کو ارسال کریں۔ شیئر ہولڈرز جو کہ فزیکل شیئرز رکھتے ہیں ان کو اپنے شناختی کارڈ کی کاپی فولیو نمبر کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرار کو ارسال کرنی ہوگی۔ شیئر ہولڈرز جو کہ اپنے شناختی کارڈ کی کاپی فراہم نہیں کریں گے ان کے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی میں رکاوٹ ہوگی۔

۵۔ ڈیویڈنڈ (منافع) سے انکم ٹیکس کی کٹوتی

حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ 2017 کے ذریعہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 میں کچھ ترامیم کی ہیں جن کی رو سے اب کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کی کٹوتی کے مختلف ریٹس ہیں۔

(الف) فائلرز کے لیے ٹیکس کی کٹوتی 15 فیصد
(ب) نان فائلرز کے لیے ٹیکس کٹوتی 20 فیصد

(i) شیئر ہولڈرز جو کہ ڈیویڈنڈ کی آمدنی پر ٹیکس ریٹرن جمع کروانے والے ہیں (ATL) میں رجسٹرڈ ہیں ان کو ٹیکس ریٹرن کی کاپی جمع کروانے کے بعد اس کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کرنی ہوگی تاکہ ان کے ڈیویڈنڈ پر 15 فیصد کے حساب سے ٹیکس کی کٹوتی کی جا سکے۔ اگر ATL میں رجسٹرڈ نہیں ہیں تو ان کے ڈیویڈنڈ پر 20 فیصد کے حساب سے ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

(ii) منافع کی ٹیکس سے مستثنیٰ ہونے کی کاپی کمپنی کے رجسٹرار کو فراہم کرنا ضروری ہوگا تاکہ ڈیویڈنڈ پر ٹیکس سے مستثنیٰ ہونے کا فائدہ حاصل کیا جا سکے۔ Tax Exemption Certificate کی کاپی کمپنی کے رجسٹرار کو ڈیویڈنڈ کے پہلے دن تک فراہم کرنی ہوگی۔

(iii) مزید برآں، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 کی وضاحت کی رو سے، پراپیلی آمدنی ٹیکس کے مطابق ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے وقت ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔ اس کے لئے کمپنی کو فائلر اور نان فائلر کی حیثیت کی تصدیق کرنی ہوگ